# غیر شرعی کاموں سے بچنے پر والدین کا دل دکھے تو حکم؟

**مجیب:** مولانا محمد نوید چشتی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3623

**تاریخ اجراء:** 07 رمضان المبارک 1446ھ / 08 مارچ 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

اگر بیٹا شادی پر غیر شرعی امور جیسے گانے باجے وغیرہ سے منع کرے اور ماں کا دل دکھے، تو کیا اس کا وبال بیٹے پر ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں بیٹے کو چاہیے کہ احسن انداز سے شادی پر گانے باجے اور غیر شرعی رسوم سے منع کر دے، اگر بیٹے نے والدہ یا والد کی بے ادبی نہ کی، بلکہ ادب کے دائرے میں رہتے ہوئے حکمِ شرع سے آگاہ کیا، لیکن پھر بھی والدین کا دل دکھا، یا انہیں برا لگا، تو اس وجہ سے بیٹے پر ماں باپ کا دل دکھانے یا نافرمانی کا گناہ نہیں ہو گا، بلکہ اگر ماں باپ حکم بھی دیں کہ گانے باجے چلائے جائیں، تب بھی بیٹا اپنے ماں باپ کی یہ بات نہیں مان سکتا کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے کام میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔ ہاں! اس حکمِ شرعی کو ادب اور نرمی کے ساتھ والدین کے سامنے بیان کیا جائے، والدین کے ساتھ بد اخلاقی یا لڑائی جھگڑا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ﴾ ترجمہ کنز الایمان: اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے اور ان سے اس طریقہ پر بحث کرو جو سب سے بہتر ہو۔ (پارہ 14، سورۃ النحل، آیت 125)

مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: خالق کی نافرمانی کے کام میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث 33717، ج 6، ص 545، مکتبۃ الرشد، الریاض)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "اطاعتِ والدین جائز باتوں میں فرض ہے

اگرچہ وہ خود مرتکب کبیرہ ہوں۔۔۔ہاں اگر وہ کسی ناجائز بات کا حکم کریں تو اس میں ان کی اطاعت جائز نہیں، لاطاعۃ لاحد فی معصیۃ اللہ تعالی، ماں باپ اگر گناہ کرتے ہوں ان سے بہ نرمی وادب گزارش کرے اگر مان لیں بہتر ورنہ سختی نہیں کرسکتا بلکہ ان کے لئے دعا کرے۔"(فتاوی رضویہ، ج25، ص204، 205، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net